جمیکا کے وفد کی ملاقات

اس کے بعد ملک جمیکا (Jamaica) سے آنے والے وفد نے حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ ملاقات کی سعادت حاصل کی۔ جمیکا سے آنے والے وفد میں صحافی اور جمیکا کے ایک مشہور شاعر اور ایک پروگرام کے میزبان Mutabaruka شامل تھے۔

☆ وفد میں شامل جرنلسٹ نے سوال کیا کہ اسلام **پولیٹیکل مذہب ہے یا نہیں؟**

اس پر حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:۔ اسلام ایک مکمل مذہب ہے جس میں ہر چیز کے متعلق رہنمائی ملتی ہے۔ آنحضرت ﷺ کے زمانہ میں آپ ﷺ ایک سٹیٹ کے سربراہ بھی بنے تھے لیکن آجکل کے زمانہ میں اس طرح نہیں ہے۔ آج کے دور میں مذہب الگ ہے اور ملکی سیاست الگ ہے۔

☆ **وفد کے ایک ممبر نے کہا کہ مجھے یہ بات بہت عجیب لگی کہ مرد، عورتیں الگ الگ جگہوں پر ہیں۔**

اس پر حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:۔

ہم عورتوں کو آزادی دیتے ہیں۔ وہ حقیقی طور پر آزاد ہوکر اپنے فنکشن آرگنائز کرتی ہیں۔ ریکارڈنگ اور ویڈیو بنانے کے لئے ان کی اپنی کیمرہ وومین ہیں۔ ان کی اپنی سیکیورٹی کی ٹیمیں ہیں۔ ہم اس طرح ان کو آزادی دیتے ہیں کہ وہ اپنی ہر چیز کی خود ذمہ دار ہوں اور ہماری عورتوں کو یہی طریقہ پسند ہے اور وہ اس میں بہت خوشی اور سکون محسوس کرتی ہیں۔

حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:۔

آپ نے سنا ہوگا کہ میں نے لجنہ کی تقریر میں کہا تھا کہ اسلام کہتا ہے کہ مردوں اور عورتوں کے کاموں میں تقسیم کار ہے، ایک division of labour ہے۔ دونوں کے علیحدہ علیحدہ فرائض اور ذمہ داریاں ہیں۔ عورتوں کے فرائض میں یہ شامل ہے کہ وہ اپنے بچوں کی تربیت کریں جبکہ مرد کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ گھر کے جملہ اخراجات پورے کرے۔ عورتیں بالکل الگ نہیں ہیں۔ ایک ہی نظام کے تابع ہیں۔ مَیں نے خود خواتین میں جاکر تقریر کی تھی۔

☆ **ایک مہمان نے سوال کیا کہ جمیکا کے لئے آپ کا کیا پلان ہے؟**

اس سوال کے جواب میں حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا: صرف جمیکا کے لئے نہیں بلکہ ہمارا پلان تو پوری دنیا کے لئے ہے کہ اسلام کا حقیقی پیغام اور اسلام کی پُرامن تعلیم ساری دنیا میں پھیلائیں اور یہی ہمارا مشن ہے۔

جمیکا کے وفد کی حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات آٹھ بجکر پچاس منٹ تک جاری رہی۔ ملاقات کے آخر پر ممبران نے حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ تصاویر بنوانے کی سعادت پائی۔